© rasailojaraid.com



اور عمق نظر کی روشن دلیل ہے۔ اے کاش کہ یہ کتاب نہایت اہتمام کے ساتھ مصر سے شائع ہوتی کہ اس کی اصل قدر وہیں کے ارباب ذوق کر سکتے ہیں۔

اقسام القرآن از مولانا حمید الدین الفراہیؒ۔ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ اصفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت ۸ ر پتہ :- دائرۂ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح سرائے میر ضلع اعظم گڈھ۔

زیر تبصرہ کتاب مولانا الفراہیؒ کی کتاب کا بامحاورہ اور سلیس اُردو ترجمہ مولانا امین احسن صاحب اصلاحی کے قلم سے ہے۔ مولانا نے اس میں قرآن مجید کی قسموں پر بڑی محققانہ اور مبصرانہ بحث کی ہے شروع میں تین اعتراضات نقل کرکے امام رازی اور حافظ ابن قیم کی تقریریں مختلف مقامات سے انتخاب کرکے اپنے الفاظ میں لکھی ہیں پھر متین انداز میں تنقید کرکے اُن کی کمزوریاں بیان کی ہیں، اس کے بعد خود اپنے جوابات قلمبند کیے ہیں۔ اس سلسلہ میں قسم کی ضرورت، اس کی تاریخ قسم کا ابتدائی مفہوم اُس کے طریقے اور یہ کہ قسم کن کن اغراض سے کھائی جاتی ہے۔ پھر اس کے شواہد یونان کے بعض خطیبوں کے کلاموں سے قرآن مجید کی قسموں کا مفہوم اور اُن کی بلاغتیں، ان سب پر جامع اور سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور آخر میں یہ بتایا ہے کہ انجیل میں قسم کھانے کی ممانعت کیوں کی گئی ہے۔

اس کتاب کو پڑھ کر حضرت مصنف کے لیے بے ساختہ دل سے دعا نکلتی ہے کہ حق تعالیٰ اعلیٰ علیین میں اُن کے مراتب بلند سے بلند تر کرے، حق یہ ہے کہ مولانا مرحوم نے قرآن مجید کے کماحقہٗ سمجھنے اور سمجھانے میں جو کاوش اور محنت کی ہے اُن کا کوئی معاصر اس باب میں اُن کا حریف نہیں بن سکتا قرآن کا ذوق رکھنے والے اصحاب کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ازبس ضروری ہے۔

---

MUSLIM UNIVERSITY
کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی

© rasailojaraid.com